# دفتر ایگزیکٹیو انجینئر میگا پراجیکٹس ڈویژن-I پشاور

## نوٹس نیلامی

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے۔ کہ پرانے آرسی جی بنگلہ نمبر RCG-13 نزد خیبر روڈ، بلمقابل حلال فوڈ اتھارٹی پشاور کی نیلامی مورخہ 16.12.2025 بروز بدھ دن 11:30 بجے موقع پر ہوگی۔ اگر اس دن کسی ناگزیر وجوہات کی بنا پر نہ ہوسکی تو پھر نیلامی مورخہ 17.12.2025 بروز جمعرات دن 11.30 بجے ہوگی۔

**شرائط:** (1) ہر بولی دہندہ مقامی بینک سے ایک عدد کال ڈیپازٹ بطور زرِ ضمانت مبلغ -/200000 (دو لاکھ) روپے بنام ایگزیکٹیو انجینئر میگا پراجیکٹس ڈویژن-1 سی اینڈ ڈبلیو ڈیپارٹمنٹ پشاور مورخہ 15-12-2025 دفتری اوقات کار میں دفتر ہذا میں بمع شناختی کارڈ کاپی جمع کروائے گا۔ مذکورہ تاریخ کے بعد کوئی کال ڈیپازٹ زرضمانت وصول نہیں کیا جائے گا۔

(2) پہلے دوسرے اور تیسرے نمبر پر زیادہ بولی دہندگان کے کال ڈیپازٹ کامیاب بولی کی منظوری تک دفتر زیر دستخطی میں پڑے رہیں گے۔

(3) ہر بولی دہندہ کے ساتھ اصلی شناختی کارڈ کا ہونا لازمی ہوگا۔

(4) کامیاب بولی دہندہ کو مزید ایک چوتھائی رقم بہ تناسب کامیاب بولی رقم موقع پر جمع کرنا ہوگی۔

(5) کامیاب بولی دہندہ کی بولی منظور ہونے پر دس (10) دن کے اندر اندر بولی کی کل بقایا رقم بشمول تمام مجوزہ گورنمنٹ ٹیکسز دفتر زیر دستخطی جمع کرنا ہوگی، بصورت ناکامی جمع شدہ ایک چوتھائی رقم بمعہ کال ڈیپازٹ بحق سرکار ضبط کی جائیگی۔ دوسرے اور تیسرے نمبر پر ترتیب وار مناسب بولی دہندہ کو ایک چوتھائی رقم جمع کرنے کا موقع دیا جائے گا۔ بصورت دیگر ان کی جمع شدہ زرضمانت بھی ضبط کی جائیگی۔

(6) بولی کی منظوری کے 30 دن کے اندر اندر موقع سے تمام ملبہ اٹھانا ہوگا اور سائٹ کو مکمل صاف کرنا ہوگا۔

(7) مقررہ وقت میں ملبہ اٹھانے اور سائٹ کو مکمل صاف کرنے کے بعد زرضمانت واپس کی جائے گی۔

(8) دیگر معلومات زیر دستخطی کے دفتر سے دفتری اوقات کار کے دوران حاصل کی جاسکتی ہے۔ اور موقع کا ملاحظہ کیا جاسکتا ہے۔

(9) آفیسر مجاز کو یہ اختیار حاصل ہوگا کہ وہ کوئی معقول وجہ بتاتے ہوئے بولی کو منظور یا مسترد کرادے۔

سب ڈویژنل آفیسر II، میگا پراجیکٹس ڈویژن-I

محکمہ سی اینڈ ڈبلیو ڈیپارٹمنٹ باچا خان چوک پشاور

فون نمبر: 091-9213248

CamScanner